# زیفر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

**ZEPHYR**
TEXTILES LIMITED

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **زیفر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ** کا چوبیسواں سالانہ اجلاس عام بروز جمعۃ المبارک مورخہ 28 اکتوبر 2022ء بوقت 10:30 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع تیسری منزل آئی ای پی بلڈنگ B/D-1-97 گلبرگ-III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1۔ گذشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 اکتوبر 2021ء کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سفارش کردہ 5 فیصد (یعنی 5 پیسے فی عمومی شیئر) نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری۔

3۔ 30 جون 2022ء کو ختتمہ مالی سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ ان پر صاحب صدر کی نظرثانی رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصول اور منظوری۔

4۔ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلہ خدمت کا تعین۔ آڈٹ کمیٹی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تجویز کردہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بطور آڈیٹر خدمات تقرری کیلئے پیش کی ہیں۔

5۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کاروائی کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
عبدالجبار
کمپنی سیکرٹری

لاہور
مورخہ 07 اکتوبر 2022ء

نوٹس:

حصص منتقلی کھاتا جات کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 اکتوبر 2022ء تا 28 اکتوبر 2022 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

عالمی وبا COVID-19 کی وجہ سے ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شمولیت:

کارپوریٹ سیکٹر کے لیے کورونا وائرس (COVID-19) کے اثر کو کم کرنے کے لیے باقاعدہ ریلیف کے سلسلے میں ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 5، 10 اے اور 20، 2020 بالترتیب 17 مارچ، 2020، کیم اپریل، 2020 اور 31 اگست، 2020، کی پیروی میں مستحق حصص داران کو ویڈیو لنک ("Zoom" جو گوگل پلے اسٹور یا ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے) کے ذریعہ سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے افراد سے درخواست کی جاتی ہے کہ اجلاس کی انعقاد سے کم از کم دو کاروباری ایام قبل مندرجہ ذیل تفصیلات کمپنی سیکرٹری آفس کو abdul.jabbar@zephyr.com.pk پر اپنا اندراج کروائیں۔

| Name of Shareholder | CNIC Number | Folio Number | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

☆ دلچسپی رکھنے والے حصص داران مذکورہ بالا معلومات کی وصولی کے بعد کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل پتوں پر ارسال کر دے گی۔

☆ اجلاس عام کے دن حصص داران کسی مناسب لوکیشن سے اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر کے ذریعے لاگ ان ہو کر اجلاس میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

☆ لاگ ان کی سہولت میٹنگ کے وقت سے تیس منٹ قبل کھول دی جائے گی تا کہ شرکاء شناختی عمل اور تصدیق کے عمل کے بعد میٹنگ میں شامل ہو سکیں۔

☆ حصص داران کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ پراکسیز کے ذریعے حاضری اور اجلاس عام میں شرکت کریں۔

☆ کوئی بھی رکن جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا/کی حقدار ہے وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے رکن کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے۔ پراکسی کی تقرری کیلئے جاری کی گئی دستاویز، پاور آف اٹارنی یا کسی اور اتھارٹی کی مصدقہ نقول کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروائی جانی چاہئیں۔ پراکسی پر مہر، ممبر اور گواہوں کے دستخط ہونے لازمی ہیں۔

☆ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات کا مشاہدہ کرنا ہوگا جیسا کہ SECP کے 26 جنوری 2000ء کو سرکلر 1 میں بیان کیا گیا ہے۔

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ فراہمی (ترجیحی/لازمی)۔

SECP کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن SRO.275(1)/2016 مورخہ 31 مارچ 2016 بمعہ مطالعہ SRO.19(1)/2014 مورخہ 10 جنوری 2014 اور SRO.831(1)/-2012 بتاریخ 5 جولائی 2012ء کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس پر CNIC نمبر کا اندراج لازمی ہے۔ اراکین سے گزارش ہے کہ وہ تمام قانونی تقاضوں کو پورا کریں اور کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا این ٹی این کی نقل (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر کو فراہم کریں۔

پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس / نوٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل

SECP کے مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے مراسلہ نمبر SRO787(I)/2014 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کو پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے ہمراہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی اپنے حصص داران کو بذریعہ ای میل فراہمی کی اجازت ہے۔ جو حصص داران کی تحریری رضامندی سے مشروط ہے۔ معیاری درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.zephyrtextiles.com پر دستیاب ہے۔

سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ترسیل

SECP کے مورخہ 31 مئی 2016ء کے مراسلہ نمبر SRO470(I)/2016 کے تحت سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اپنے اراکین کو بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ان کے رجسٹرڈ پتہ پر فراہمی کی اجازت ہے۔ مذکورہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی نے اپنے حصص داران کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی کی صورت میں سالانہ رپورٹ ارسال کر دی ہے۔ کمپنی کی سالانہ پرنٹڈ رپورٹ کی کاپی حاصل کرنے کے خواہشمند اراکین کمپنی کی ویب سائٹ http://zephyrtextiles.com/investor-information پر انویسٹر انفارمیشن میں موجود معیاری درخواست فارم پر درخواست بھیج سکتے ہیں۔

لادعویٰ منافع منقسمہ

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کے قواعد کے تحت کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ منافع منقسمہ یا جاری کردہ حصص جو مقررہ تاریخ سے عرصہ تین سال کی مدت کے لئے لادعویٰ یا غیر ادا شدہ رہے ہوں ان کا دعویٰ دائر کرنے کے لئے حصص داران کو نوٹس جاری کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے کریڈٹ کمیشن میں جمع کرا دیئے جائیں۔ اس تناظر میں، حصص داران کو ان کے فراہم کردہ پتہ پر نوٹس ارسال کر دیا گیا ہے اور حتمی نوٹس ملکی اخبارات میں شائع کر دیا گیا ہے۔

حصص داران سے یہ یقینی بنانے کی درخواست کی جاتی ہے کہ لادعویٰ منافع منقسمہ اور حصص کے لئے اپنے دعویٰ جات بروقت دائر کریں۔ اگر مقررہ مدت میں کمپنی میں کوئی دعویٰ جمع نہ کرایا گیا ہو تو کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 224(2) کی پیروی میں لادعویٰ/ غیر ادا شدہ رقم اور حصص وفاقی حکومت کو جمع کرا دے گی۔